© rasailojaraid.com



گرے ہوئے ہیں اور دوسری طرف اس کی وہ پستی کہ بجائے مسجود ملائکہ ہونے کے خود دیوتاؤں کے نام سے یہ ملائکہ ہی کے آگے جھکا ہوا ہے اور پھر اسی ذلت پر بس نہیں کیا گیا۔ انسانوں کو خود انسانوں کے آگے بھی گرایا گیا چھوٹوں سے بڑوں کو پوجوایا گیا اور کاش کہ بات اسی پر ختم ہو جاتی مگر وہی جس کے متعلق قرآن نے خبر دی تھی کہ "کلھم اجمعون" ملائکہ اس کے سجدے میں گرے تھے دیکھا جا رہا ہے کہ وہ جانوروں گایوں، ہاتھیوں، سانپوں کے آگے ماتھا ٹیکے پڑا ہوا ہے۔ بلکہ اس سے بھی آگے بڑھکر درختوں، پیپلوں بڑوں کے آگے جھکا ہوا ہے تا این کہ یہی پستی بالآخر نباتات سے گذر کر جمادات وعناصر آب آتش خاک باد تک پہنچی اور اس کی آخری حد یہ تھی کہ غلاظتوں اور گندگیوں شرمگاہوں تک کو انسان کا معبود و مسجود بنا ہوا پایا گیا۔ پس "سجد الملآئکۃ کلھم اجمعون" سے جہاں انسانیت کی بلندی کا اعلان کیا گیا اسی کے ساتھ اس بیان کے ذریعہ سے ان گرے ہوؤں کو بھی اٹھنے کا پیغام دیا گیا جن کے لئے سب کچھ تھا وہی سب کے لئے بنے ہوئے تھے جو سب کے آقا تھے وہی سب کے غلام بنے ہوئے تھے۔

(باقی آئندہ)

---

# تاریخ انقلاب روس

ٹراٹسکی کی مشہور و معروف کتاب "تاریخ انقلاب روس" کا مستند اور مکمل خلاصہ جس میں روس کے حیرت انگیز سیاسی اور اقتصادی انقلاب کے اسباب و نتائج اور دیگر اہم واقعات کو نہایت تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اگر آپ موجودہ روسی نظام کے پس منظر کا صحیح اندازہ کرنا چاہتے ہیں جو آجکل نازی بربریت کا شکار بنا ہوا ہے تو اس کتاب کو اپنے مطالعہ میں ضرور رکھئے۔ قیمت مجلد ایک روپیہ چار آنے (عہ)

ملنے کا پتہ

"منیجر" مکتبہ برہان" قرول باغ۔ دہلی



© rasailojaraid.com